بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share

Sony VAIO Fitシリーズ／公式
長期保証が無料。洗練された薄型デザイン インテル(R)Core(TM)i7搭載
store.sony.jp
AdChoices

پاکستانی جواہرات اور زیورات کی برآمد ایک ارب 20 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئی

2007 تک 4 کروڑ 70 لاکھ ڈالر تھی، ملک میں سونے کی انٹرنل ٹریڈ 12 ارب 50 کروڑ کے قریب آ گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستانی جواہرات اور زیورات کی برآمد 2007 کے بعد 4 کروڑ 70 لاکھ ڈالر سے بڑھ کر ایک ارب 20 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئی ہے۔ پاکستان میں سونے اور زیورات کی انٹرنل ٹریڈ 12 ارب 50 کروڑ ڈالر کے قریب ہے۔ یہ باتیں پاکستان جیمز اینڈ جیولری ڈویلپمنٹ کمپنی کے ڈائریکٹر عبدالرزاق مالنسا نے 26 سے 29 ستمبر تک کراچی میں جاری رہنے والی پاکستان انٹرنیشنل جیمز اینڈ جیولری نمائش 2013 کے سلسلے میں تفصیلات بتاتے ہوئے بتائیں۔ وہ مقامی ہوٹل میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ مطیع اللہ شیخ اور زبیر نصیر بھی موجود تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ نمائش برآمدات کے مزید فروغ اور نئی مارکیٹوں تک رسائی میں مدد دے گی۔ نمائش میں پاکستانی جواہرات اور زیورات کی مصنوعات بین الاقوامی خریداروں کے سامنے پیش کی جائیں گی۔ غیرملکی سرمایہ کاروں کو پاکستانی جواہرات اور زیورات کی مصنوعات ایک جگہ مہیا کرنے کیلئے یہ نمائش پلیٹ فارم کا کردار ادا کرے گی۔ نمائش کے دوران ایک سیمینار کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔ چار روزہ نمائش میں قیمتی پتھروں، دھاتی اشیاء، زیبائشی پتھر، نقش نگاری کیلئے استعمال ہونے والے منکے، دانے، موتی، قیمتی پتھروں سے بنائے گئے زیورات، ہاتھوں سے بنائے گئے خوبصورت جیولری کے علاوہ صنعت میں استعمال ہونے والے آلات، مشینری، سازوسامان اور دیگر مصنوعات رکھی جائیں گی۔ انہوں نے گزشتہ برس ہونے والی نمائش کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ گزشتہ برس بھی اس نمائش کا انتہائی کامیابی سے انعقاد کیا گیا تھا اور تقریباً 40 بین الاقوامی مندوبین نے نمائش میں شرکت کی تھی۔ یہ وفد اور سرمایہ کار امریکا، برطانیہ، سری لنکا، متحدہ عرب امارات، ترکی، چین، ہانگ کانگ اور بھارت سے خصوصی طور پر نمائش میں شرکت کرنے کیلئے آئے تھے۔ انٹرنیشنل کلرڈ جیمز اسٹون ایسوسی ایشن (ICA) کے صدر اور بین الاقوامی ماہرین نے نمائش میں ایک روزہ سیمینار کا انعقاد بھی کیا تھا۔ اس موقع پر چیئرمین آل پاکستان جیمز اینڈ جیولری مرچنٹ ایسوسی ایشن (APGJMA) سعید مظہر نے کہا کہ اس نمائش سے کاروبار کو فروغ ملے گا اور صارفین کو بھی انڈسٹری مصنوعات خریدنے میں آسانی ہوگی۔ پاکستان بھر سے مقامی جیمز اینڈ جیولری سے وابستہ کاروباری برادری کو شرکت کے لئے مدعو کیا گیا ہے تاکہ وہ اپنی مصنوعات کی نمائش کر سکیں اور دنیا بھر میں پاکستانی زیورات اور جواہرات کو روشناس کرا سکیں۔

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے